SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
December 21, 2018

ایس ای سی پی کے زیرِاہتمام منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام پر آگہی سیمینارز کا انعقاد

اسلام آباد (21 دسمبر) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کے زیرِانتظام منی لانڈرنگ کے انسداد اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے تدارک کے لئے وضع کئے گئے قواعد وضوابط اور اس حوالے سے سکیورٹیز اور اجناس کی مارکیٹ، بیمہ و تکافل، غیر بینکاری کمپنیوں اور شعبہِ مضاربہ میں کاروبار کرنے والوں کو ان کے فرائض وذمہ داریوں سے آگاہ کرنے کے لئے کراچی میں آگہی سیمینارز کا انعقاد کیا گیا۔

ایس ای سی پی کے ڈائریکٹر طارق بختاور نے شرکا کو تفصیل سے نیشنل رِسک اسیس منٹ کے تحت منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی معاونت روکنے کے لئے وضع کردہ سفارشات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے شرکا کو بتایا کہ ایف اے ٹی ایف کی سفارشات کی روشنی میں رِسک کا مناسب تجزیہ کرتے ہوئے موزوں طریقہ کار اپنا ہمارا فوری ہدف ہونا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس ضمن میں ایس ای سی پی کے حالیہ ضوابط مالیاتی اداروں سے متقاضی ہیں کہ وہ اپنے لئے مؤثر ضوابط خود بنائیں اور ان پر پوری طرح عمل پیرا ہوں۔ انہوں نے شرکا پر زور دیا کہ وہ داخلی پالیسیاں اس طرح وضع اور لاگو کریں کہ جن پر عمل کرنے سے ہم منی لانڈرنگ کے انسداد اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے تدارک کو یقینی بنا سکیں۔

یاد رہے کہ نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی نے چند روز قبل نیکٹا اور ایف آئی اے کی دہشت گردی کی مالی معاونت کے ضمن میں تیار کردہ رِسک اسیس منٹ کی منظوری دی تھی۔ ۱۹ اور ۲۰ دسمبر کو منعقد کئے گئے ان سیمینارز میں بڑی تعداد میں ماہرین اور متعلقہ کاروباری افراد نے شرکت کی۔ ایس ای سی پی کی جانب سے اس طرح کے سیمینارز کا مقصد متعلقہ شعبوں میں کام کرنے والے اداروں کو فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کے سفارشات اور ان پر عمل درآمد کے لئے کئے گئے اقدامات اور ایس ای سی پی کے ریگولیٹری فریم ورک سے آگہی فراہم کرنا ہے تاکہ منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے خلاف موثر اقدامات کئے جا سکیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005